08 جنوری 2021ء

# کارکنوں کی ترسیلات نے دسمبر 2020ء میں مستحکم رفتار برقرار رکھی

- کارکنوں کی ترسیلات زر نے دسمبر میں مسلسل ساتویں مہینے اپنی مستحکم رفتار برقرار رکھی۔ ترسیلات مزید بڑھ کر 2.4 ارب ڈالر ہو گئیں، جو سال بسال بنیاد پر 16.2 فیصد اور ماہ بماہ بنیاد پر 4.2 فیصد نمو ہے۔

- کارکنوں کی ترسیلات بحیثیت مجموعی مالی سال 21ء کی پہلی ششماہی میں 14.2 ارب ڈالر کی غیر معمولی سطح تک جا پہنچیں، جو گذشتہ سال کی اسی مدت کے مقابلے میں 24.9 فیصد زائد ہے۔ یہ مالی سال 07ء سے اب تک کسی ششماہی کی بلند ترین نمو ہے۔

- ممالک کے لحاظ سے ترسیلات میں خاصا تنوع رہا۔ مالی سال 21ء کی پہلی ششماہی میں بیشتر ترسیلات سعودی عرب (4.0 ارب ڈالر)، متحدہ عرب امارات (3.0 ارب ڈالر) برطانیہ (1.9 ارب ڈالر) اور امریکہ (1.2 ارب ڈالر) سے آئیں۔

- کارکنوں کی ترسیلات میں مستحکم نمو کا سبب باضابطہ ذرائع سے رقوم بھجوانے کی حوصلہ افزائی کے لیے حکومت اور اسٹیٹ بینک کی مسلسل کوششوں کے نتیجے میں باضابطہ ذرائع کا استعمال بڑھنا ہے، نیز کووڈ 19 کی دوسری لہر کے باعث بیرون ملک سفر محدود ہوا، اس کے ساتھ ساتھ پاکستان کی زرمبادلہ مارکیٹ کی حرکیات بھی سازگار رہیں۔

****